NYC
Department of Education
Chancellor David C. Banks

15 نومبر، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

تھینکس گیونگ تعطیل کے بعد ہماری اسکول برادریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے، ہم اپنے تمام طلبا کی COVID-19 کے لیے ٹسٹ کرنے کی پُرزور حوصلہ افزائی کرتے ہیں انکے ویکسین لگوانے کی حیثیت سے قطع نظر، خاص طور پر سفر کرنے اور / یا بڑے مجمع میں شرکت کرنے کے بعد۔ آپکے بچے کو ایک صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ بھی ٹسٹ کرسکتا ہے یا وہ دو گھر پر کرنے کے COVID-19 ٹیسٹ استعمال کریں جو آپکا بچہ اسکول سے اس ہفتے گھر لائے گا۔

میرے بچے کو کس وقت ٹیسٹ کرنا چاہیئے؟

- پہلا ٹیسٹ ایک مجمع میں شرکت کرنے یا ایک معلوم COVID-19 کا سامنا ہونے کے کم از کم 48 گھنٹوں بعد کریں
- دوسرا ٹیسٹ پہلے ٹیسٹ کے 24-48 گھنٹوں بعد کریں
- بچے اسکول آنا جاری رکھ سکتے ہیں بجز اس کے کہ انہیں علامات ہوں یا ٹیسٹ مثبت آیا ہو۔
- برائے مہربانی توجہ کریں، اگر آپکا بچہ پچھلے 90 دنوں میں COVID-19 کے تصدیق شدہ کیس سے صحتیاب ہوا ہے، انہیں ایک ٹیسٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور انہیں تھینکس گیونگ تعطیلات کے بعد اسکول آنا چاہیئے اگر وہ صحیح محسوس کررہے ہیں۔
- اگر آپکے بچے کو علامات شروع ہوجائیں، انہیں گھر رہنا چاہیئے اور ٹیسٹ کرنا چاہیئے؛ انکا ایک گھر پر ٹیسٹ کریں یا اپنے فراہم کنندہ سے ٹیسٹ کرنے کے بارے میں بات کریں۔

اگر میرے بچے کے ایک ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

- وہ طلبا جنکا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے انہیں علامات شروع ہونے کے پہلے دن سے کم از کم 5 دن کے لیے علحیدہ رہنا چاہیئے (یا جس دن انکے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا تھا، اگر انکو کوئی علامات نہیں ہیں۔) وہ اسکول چھٹے (6) دن واپس آسکتے ہیں اگر انہیں کوئی علامات نہیں ہیں یا علامات بہتر ہورہی ہیں، انکی علامات میں سانس پھولنا یا سانس لینے میں دشواری نہیں ہے، اور انہیں کم از کم 24 گھنٹے سے بخار نہیں ہے۔
- انہیں علامات شروع ہونے کے 10 دن تک ماسک پہننا لازمی ہے یا اس دن سے جب انکے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا تھا، اگر انکو کوئی علامات نہیں ہیں۔ ماسک کو پانچویں (5) دن ہٹایا جاسکتا ہے اگر 48 گھنٹوں کے وقفے سے آپکے بچے کے دو ریپڈ ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آیا ہو۔ علحیدگی کے عرصے اور دوسروں کو بچانے کے لیے جو اقدامات لیے جانے چاہییں انکے بارے میں مزید جاننے کے لیے cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/your-health/isolation.html ملاحظہ کریں۔
- اپنے اسکول کو مطلع کریں کہ آپکے بچے کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے تاکہ اسکول برادری کو کسی ممکنہ سامنا ہونے سے مطلع کیا جاسکے۔

میں ٹیسٹ کِٹ کے لیے ہدایات کو کہاں تلاش کر سکتا ہوں؟

- تمام ٹیسٹ کِٹس شائع شدہ ہدایات کے ساتھ آتی ہیں جن پر ٹیسٹ کرتے وقت آپ کو عمل کرنا چاہیئے۔ آپ یہاں پر اپنی ٹیسٹ کٹ استعمال کرنے کے بارے میں کئی زبانوں میں وڈیوز بھی دیکھ سکتے ہیں
schools.nyc.gov/HomeRapidTestKits ۔ گھر پر ٹیسٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، بشمول کہ نتائج کی کس طرح وضاحت کی جائے، nyc.gov/site/doh/covid/covid-19-testing.page ملاحظہ کریں۔

بطور یاد دہانی، COVID-19 سے نمٹنے اور ہمارے اسکولوں کو تمام طلبا کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے COVID-19 ویکسینیشن سے تاحال رہنا ابھی بھی بہترین آلہ ہے۔ 6 مہینے اور اس سے بڑی عمر کے بچے COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے لیکن COVID-19 سے بچاؤ کے لیے اب تک ویکسین نہیں لگوائی ہے، براہِ مہربانی vaccinefinder.nyc.gov پر ایک

NYC Department of Education
Chancellor David C. Banks

وقت طے کرنے کے موقع کو استعمال کریں یا اپنے نزدیک ایک ویکسین سائٹ تلاش کرنے کے لیے 311 پر کال کریں۔ COVID-19 ویکسینیشن نیو یارک شہر کے تمام شہریوں کے لیے مفت ہے، نقل وطنی (امیگریشن) یا بیمہ (انشورنس) کی صورت حال سے قطع نظر۔ ہم ہر 5 سالہ اور زائد عمر کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ تجدید کردہ COVID-19 بوسٹر شاٹ لگوائیں اگر انہوں نے اپنی آخری ویکسین خوراک کم از کم 2 مہینے پہلے موصول کی تھی۔ براہِ مہربانی COVID-19 ویکسینیشن شیڈول کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں: cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/vaccines/stay-up-to-date.html

آخر میں، خزاں اور بہار کے موسموں میں دیگر تنفسی وائرسز میں اضافہ ہوتا ہے جیسے فلو، جسے انفلوئنزا کے بطور جانا جاتا ہے(nyc.gov/site/doh/health/health-topics/flu-seasonal.page) اور RSV (nyc.gov/site/doh/health/health-topics/respiratory-syncytial-virus.page). چونکہ فلو اور COVID-19 کی اس موسم میں ایک ساتھ پھیلاو کی توقع کی جاتی ہے، فلو کی ویکسین لگوانا ہمیشہ سے زیادہ اہم ہے۔ ویکسینیشن فلو سے بچاو کا بہترین طریقہ ہے، جو نوعمر بچوں، بزرگوں، اور کمزور مدافعتی نظام والے افراد کے لیے بطور خاص خطرناک ہوسکتا ہے۔ فلو ویکسین COVID-19 سے نہیں بچائے گی، لیکن یہ آپ اور آپکے خاندان کے لیے فلو کی شدید علامات کے خطرے کو کم کرے گی جنکے لیے طبی دیکھ بھال کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ آپ فلو کی ویکسین دوسری ویکسینز کے ساتھ بحفاظت لے سکتے ہیں، بشمول COVID-19 کے لیے (nyc.gov/site/doh/covid/covid-19-vaccines.page)۔

ان وائرسز اور دیگر کے خلاف بچاو کے لیے، ہم تجویز کریں گے کہ ہجوم والی جگہوں، عوامی اندرونی جگہوں میں ہر کوئی ماسک پہنے، اکثر ہاتھ دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے وقت اپنے منہ اور ناک کو ڈھانپیں۔

ہم آپ اور آپ کے بچے کے لیے ایک صحت مند اور آرام دہ تعطیل کی تمنا کرتے ہیں۔

بخلوص،

Tracy Agerton

Tracy Agerton
اسسٹنٹ کمشنر
اسکول کا دفترِ صحت